ZIL
LIMITED

# اطلاع برائے غیر معمولی اجلاس عام

بذریعہ نوٹس ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ ZIL لمیٹڈ کے تمام حصص یافتگان کا غیر معمولی اجلاس عام بتاریخ ۲۸ جون ۲۰۲۲ء بروز منگل صبح دس بجے بمقام رائل روڈیل پلاٹ نمبر ٹی سی۔۵، ۳۴۔اسٹریٹ، خیابان سحر، فیز ۵ (توسیع)، ڈی۔ایچ۔اے، کراچی، میں درج ذیل اُمور کی انجام دہی کے لئے منعقد کیا جائے گا۔

۱۔ ۲۰ اپریل ۲۰۲۲ء کو منعقد کئے گئے سالانہ اجلاس عام کی کاروائی کی توثیق۔

۲۔ کمپنیز ایکٹ ۲۰۱۷ء کی دفعہ ۱۵۹ میں دیئے گئے طریقے کے مطابق یکم جولائی ۲۰۲۲ء سے ۳۰ جون ۲۰۲۵ء کے درمیان تین سالہ مدت کے لئے کمپنی کے ڈائریکٹران کا انتخاب۔

(الف) کمپنیز ایکٹ ۲۰۱۷ء سیکشن (۱)۱۵۹ اور (a) (۲) کے مطابق بورڈ نے ۲۸ اپریل ۲۰۲۲ء کو منعقدہ اپنے اجلاس میں کمپنی کے ڈائریکٹران کی تعداد سات مقرر کی ہے۔

(ب) کمپنیز ایکٹ ۲۰۱۷ء سیکشن (b) (۲) ۱۵۹ کے تحت، ریٹائر ہونے والے ڈائریکٹران کے نام یہ ہیں:۔محترمہ فیریل علی مہدی، جناب مبشر حسن انصاری، جناب میر محمد علی، جناب سعد امان اللہ خان، جناب سیّد حسنین علی، جناب احسن رشید اور جناب محمد سلمان حسین چاولہ (نامزد NIT)۔

بحکم بورڈ

**محمد شاہد**

کمپنی سیکریٹری

کراچی: جون ۳، ۲۰۲۲ء

**نوٹس:۔**

۱۔ کمپنیز ایکٹ ۲۰۱۷ء کی دفعہ (۳) ۱۵۹ کے مطابق، کمپنی کا کوئی بھی رُکن جو کمپنی کے ڈائریکٹر کے عہدے کے انتخاب میں حصہ لینا چاہتا ہو (بشمول سبکدوش ہونے والے ڈائریکٹران)، انتخابات کے لئے منعقد ہونے والے غیر معمولی اجلاس عام سے ۱۴ روز قبل، خود کو بذریعہ نوٹس، کمپنی ہذا میں ڈائریکٹر کے عہدے کے انتخابات میں حصہ لینے کے لئے پیش کرکے اور اپنی نامزدگی کے نوٹس کے ساتھ درج ذیل دستاویزات منسلک کرے:۔

(الف) کمپنیز ایکٹ ۲۰۱۷ء کی دفعہ (۱) ۱۶۷ کے تحت مکمل فارم۔28 پر، ڈائریکٹر کے طور پر کام کرنے کی رضامندی۔

(ب) ایس آر او ۱۱۹۶(۱)، مورخہ ۱۳ اکتوبر ۲۰۱۹ء سیریل نمبر ۲ شق (g) کی سب شق (iii)(b)(ب) کے تحت اپنے تفصیلی کوائف دفتر کے پتہ کے ساتھ، تاکہ انتخابات سے سات روز قبل کمپنی کی ویب سائٹ پر شائع کیا جاسکے۔

(پ) کوڈ آف کارپوریٹ گورننس کے تقاضوں اور کمپنیز ایکٹ ۲۰۱۷ء کے مطابق لسٹڈ کمپنی کے ڈائریکٹر کے عہدے پہ کام کرنے کی اہلیت کے معیار کا اقرار نامہ۔

(ت) نامزد شخص، کسی بھی وقت انتخابات سے پہلے، اپنی نامزدگی کا نوٹس واپس لے سکتا ہے۔

۲۔ کمپنی کی شیئر ٹرانسفر بکس ۲۲ جون بروز بدھ ۲۰۲۲ء تا منگل ۲۸ جون ۲۰۲۲ء (دونوں دن شامل) بند رہیں گی اور شیئر ٹرانسفر کی کوئی درخواست قبول نہیں کی جائیگی۔ کمپنی کے شیئر رجسٹرار میسرز THK ایسوسی ایٹس پرائیوٹ لمیٹڈ، پلاٹ نمبر سی ۳۲، جامی کمرشل اسٹریٹ نمبر ۲، ڈی ایچ اے فیز ۷، کراچی ۷۵۴۰۰ کو ۲۱ جون ۲۰۲۲ء بزنس اوقات کے اندر وصول شدہ ٹرانسفر بروقت سمجھے جائیں گے۔

۳۔ کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز ۲۰۱۸ء کے تحت ڈائیریکٹرز کے انتخاب اور کمپنیز ایکٹ ۲۰۱۷ء کی سیکشن ۱۴۳ اور ۱۴۴ کی شرائط کے مطابق کسی بھی ایجنڈا آئٹم کے لئے مزکورہ ریگولیشنز کے مطابق ممبران بذریعہ پوسٹ یا کسی الیکٹرانک ذریعہ سے پوسٹل بیلٹ کا حق استعمال کرسکتے ہیں۔

۴۔ ایسے تمام ممبران جو میٹنگ میں شرکت کرنے اور ووٹ ڈالنے کے اہل ہیں اپنی جگہ کسی اور فرد کو اپنے نمائندے کے طور پر اجلاس میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کیلئے مقرر کرسکتے ہیں۔ نمائندگی (Proxy) کے مؤثر ہونے کے لئے لازمی ہے کہ دستخط شدہ پراکسی فارم اجلاس سے کم از کم ۴۸ گھنٹے قبل کمپنی کے رجسٹرڈ آفس کو موصول ہوجائیں۔ ایک ممبر ایک سے زائد پراکسی مقرر نہیں کرسکتا۔ پراکسی فارم کے ساتھ شیئر ہولڈر کا CNIC کی مصدقہ نقل لازمی منسلک کریں۔

۵۔ سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز پر لازم ہے کہ وہ سیکیورٹی اینڈ ایکس چینج کمیشن آف پاکستان کے سرکلر نمبر 1 ۲۰۰۰ء میں دی گئی اضافی رہنمائی حاصل کریں۔

**کمپنیز ایکٹ، ۲۰۱۷ء کے سیکشن (۳)۱۶۶ کے تحت آزاد ڈائریکٹرز کی تقرری کی شرائط**

کوئی بھی شخص جو سیکشن ۱۵۳ کے تحت اہل ہے اور کمپنیز ایکٹ ۲۰۱۷ اور کمپنیز (آزاد ڈائریکٹر کا انتخاب) ریگولیشن ۲۰۱۸ کے سیکشن ۱۶۶ کے معیار پر پورا اترتا ہو، وہ بطور آزاد ڈائریکٹر کے انتخابات کے لئے اپنی نامزدگی تحریری طور پر جمع کراسکتا ہے۔ آزاد ڈائریکٹرز کے نام پاکستان انسٹیٹیوٹ آف کارپوریٹ گورننس (PICG) یا کمیشن کی طرف سے مطلع کردہ کسی دوسرے ادارے کے زیرِ انتظام ڈیٹا بنک میں رجسٹرڈ ہونا چاہئیں۔ مزید برآں، جیسا کہ لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز، ۲۰۱۹ کے ضابطہ ۶ (۳) کی ضرورت ہے، آزاد ڈائریکٹر کے طور پر انتخابات کے لئے ایسے کسی بھی شخص کو نامزدگی کے ساتھ ایک اظہاریہ بھی منسلک کرنا چاہیئے کہ وہ ایکٹ کے تحت آزاد ڈائریکٹر کے معیار پر پورا اترتا ہے۔ تاہم، یہاں یہ بات قابلِ ذکر ہے کے آزاد ڈائریکٹر کا انتخاب اسی طرح کیا جائے گا جس طرح کمپنیز ایکٹ، ۲۰۱۷ کے سیکشن ۱۵۹ کے تحت دوسرے ڈائریکٹرز کا انتخاب کیا جاتا ہے۔

سیکشن ۱۵۹(۴) کے مطابق انتخاب میں حصہ لینے والے ڈائریکٹرز کی حتمی فہرست مذکورہ میٹنگ کی تاریخ سے سات دن پہلے اخبارات میں شائع کی جائے گی۔ مزید برآں، کمپنی کی ویب سائٹ کو بھی ہر ڈائریکٹر کے لئے ضروری معلومات کے ساتھ اپڈیٹ کیا جائے گا۔ کسی بھی ڈائریکٹر کی مزکورہ امور میں بالواسطہ یا بلاواسطہ دلچسپی نہیں ہے سوائے اس کے کہ وہ اس کے مطابق ڈائریکٹرز کے انتخاب کے لئے رضامند ہوں۔